سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# ہمسائیگی اور آپس کے بہتر تعلقات

## VEÏNATGE I CONVIVÈNCIA

### Administrador de finques مکانوں کا منتظم

اس پروفیشنل آدمی کا نام جو مکانات اور دکانوں کی خرید وفروخت کے علاوہ کرایہ کے معاملات کو چلاتا ہے۔ یہ اپنا کام مکان مالک کی نمائندگی کے طور پر کرتا ہے اور **Comunitats de Veïns** کے نام پر بھی، کیونکہ اس کا بنیادی کام بلڈنگ کی حفاظت ہوتا ہے۔ بعض مرتبہ یہ کسی بلڈنگ کے ہمسائیوں کے درمیان خزانچی کا کام بھی کرتا ہے

### Associació de comerciants انجمنِ تاجران

تاجران کی تنظیم جو اپنے مشترکہ مفادات کی حفاظت کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں، مثال کے طور پر اپنے حقوق کے حفاظت یا اپنی گلی کی بہتری کے لیے انتظامیہ سے تعاون کی اپیل کرنا (جو کہ سیکورٹی یا شہری وجوہات کی بنا پر ہوتی ہے) عام طور پر اس طرح کی انجمن قریبی علاقوں کے تاجران مل کر بناتے ہیں۔

### Associació de veïns ایک محلے کے ہمسائیوں کے تنظیم

اس تنظیم کا مقصد ایک محلے کے رہنے والوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا اور انتظامیہ کے سامنے ہمسائیوں کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کرنا ہے۔ یہ تنظیمات اپنے محلوں میں میلوں اور تفریحی سرگرمیوں کے انعقاد کے علاوہ مختلف کورسز اور رہنمائی کا کام بھی سرانجام دیتی ہیں۔

### Autoescola ڈرائیونگ سکول

ڈرائیونگ سیکھنے کا سکول۔ یہاں لوگوں کو ڈرائیونگ کے پریکٹس (تجرباتی) اور تھیوری (تعلیمی) کورس کے علاوہ ان کو ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے میں مدد فراہم کی جاتی ہے ان کو سیکورٹی کے قوانین بتائے جاتے ہیں، اور ان کو لائسنس حاصل کرنے کے مراحل کے بارے بھی بتایا جاتا ہے۔

### Autorització de residència رہائشی اجازت نامہ

اس اجازت نامہ کا نام جس کے تحت بندہ قانونی طور پر سپین میں مقیم رہ سکتا ہے۔ کوئی بھی غیر ملکی اس وقت سپین میں قانونی طور پر رہائشی تصور کیا جاتا ہے جب اس کے پاس اپنے قیام کی باقاعدہ اجازت موجود ہو۔ رہائش کے اجازت نامہ عارضی یا مستقل ہو سکتے ہیں۔ اس کے لیے مزید دیکھیے عدالتی نظام میں۔

### Bombetes de baix consum کم بجلی خرچ کرنے والے بلب

ان بلبوں کو نام ہے جو عام طور پر استعمال ہونے والے بلبوں سے کم بجلی خرچ کرتے ہیں، کیونکہ اس میں ٹیوب لائٹ والا مادہ استعمال ہوتا ہے۔

### Cànon de l'agiua پانی کا ٹیکس

پانی کے بل میں شامل ایک خصوصی ٹیکس کا نام۔ یہ پانی کے استعمال کے مطابق کم یا زیادہ ہو سکتا ہے دوسرے لفظوں میں جو زیادہ پانی استعمال کرتے اس کو زیادہ ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اس بارے

آپ پانی کی کمپنی کے دفتر جا کر مزید معلومات لے سکتے ہیں جس میں ایک گھر میں رہائش پذیر افراد کی تعداد کے مطابق اپنے استعمال کردہ پانی کی مقدار کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ مزید دیکھیے آب وہوا کی حفاظت کے لیے والے حصے میں۔

## Centre autoritzat de reconeixement de conductors ڈرائیوروں کے ٹیسٹ لینے کیلئے اجازت شدہ دفتر

یہ اس دفتر کا نام ہے جہاں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے ڈرائیوروں کے نفسیاتی اور جسمانی ٹیسٹ لیے جاتے ہیں۔ اس دفتر کا صوبائی یا علاقائی محکمہ ٹریفک ***Prefectura Provincial o Local de Trànsit*** کی طرف سے اجازت شدہ ہونا لازمی ہے۔

## Ciclomotors موٹر سائیکل

چھوٹے سائز کی موٹر سائیکل جن کا سلنڈر 125 مکعب سنٹی میٹر سے کم ہو۔

## Civisme شہری تہذیب وتمدن

ان تمام عادات کا نام جو شہریوں کے آپس میں حقوق کا احترام کرنے کے لیے اختیار کی جاتی ہیں، تا کہ سب امن کی زندگی گزار سکیں، ایک دوسرے کا احترام کیا جا سکے، اپنے گھر اور قریبی عوامی جگہوں کی حفاظت اور بلدیہ کی جانب سے وضع کردہ بقائے باہمی کے قوانین کا احترام کرنا۔

## Classificació energètica eficient کم توانائی خرچ کرنے کی ترتیب

عام گھریلو استعمال کی اشیاء میں توانائی کا کام استعمال کرنے کی کلاسیفیکیشن، جس میں عموماً A اور A+ کے نشانات کے ذریعے بتایا جاتا ہے کہ یہ توانائی کی بچت کرتی ہیں۔ جس سے ہمارے پانی اور بجلی کے بلوں میں بچت ہوتی ہے۔

## Companyies de subministraments پانی بجلی گیس فراہم کرنے کی کمپنی

یہ اصطلاح پانی، بجلی اور گیس فراہم کرنے والی کمپنیوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

## Comunitat de propietaris انجمنِ مالکان

ایک یا ایک سے زیادہ بلڈنگ کے اندر موجود مکانوں کے مالکان کی تنظیم، جو کہ اپنے مشترکہ مفادات کی حفاظت کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں اور اپنی بلڈنگ کی حفاظت کی کوشش کرتے ہیں

## Comunitat de veïns بلڈنگ کے ہمسائیوں کی تنظیم

ایک بلڈنگ کے اندر رہائش پذیر یا کام کرنے والے تمام افراد اس کا حصہ ہوتے ہیں، اس لیے ضروری نہیں کہ کوئی کسی مکان کا مالک ہو۔ اس تنظیم کا کام ہوتا ہے کہ وہ بلڈنگ میں رہنے والے ہمسائیوں کے مابین اچھے تعلقات کو فروغ دینے کے لیے کام کرے۔

## Contracte de lloguer کرایہ کا کنٹریکٹ

مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان معاہدہ کے بعد لکھی جانے والی دستاویز کا نام، جس میں تمام شرائط کا ذکر ہوتا ہے جو معاہدہ کرتے وقت طے کی جاتی ہیں۔ اس میں ایک کرایہ دار ایک مخصوص رقم کے بدلے مالک مکان کے مکان کو اپنے استعمال میں لاتا ہے۔ ہر کنٹریکٹ میں کچھ شرائط ہوتی ہیں جن کو ایک چھوٹے حرف کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔ ان شرائط کو اچھی طرح سے پڑھنا چاہیے بصورت دیگر کرایہ دار اپنے کسی حق سے محروم ہو سکتا ہے۔ اسی کتابچہ کا رہائش کا حصہ لازمی دیکھیں۔

### Convivència بقائے باہمی

یہ ان اقدار کا نام ہے جس میں اتحاد، احترام، باہمی ذمہ داری اور آپس میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے کام کیا جاتا ہے۔

### Derrama خصوصی فنڈ

بلڈنگ میں کسی ضروری عمومی یا ہنگامی خرچہ کا سامنا کرنے کے لیے فنڈ دینے کے نظام کا نام جس میں مثال کے طور پر بلڈنگ میں کوئی مرمت کا کام کرانا، پائپ لائن کی تبدیلی یا لفٹ کی انسٹالیشن شامل ہوتی ہے۔

### Espais comuns d'un edifici ایک بلڈنگ میں مشترکہ استعمال کی جگہیں

بلڈنگ میں موجود ان جگہوں کا نام جن کو سارے ہمسائے مشترکہ طور پر استعمال کر سکتے ہیں، سیڑھیاں، لفٹ، بیرونی دروازہ، برامدے، صحن، چھت اور تہہ خانہ اس میں شامل ہیں۔ سب ہمسائیوں پر یہ بات لازمی ہے کہ وہ ان جگہوں کی حفاظت اور ان کا بہتر استعمال کریں۔ ہمسائیوں پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ ان جگہوں پر فضولیات مت پھینکیں اور نہ ہی ان جگہوں کو اپنے ذاتی استعمال کی جگہ سمجھیں سوائے ان جگہوں کے جو آپ سٹور کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

### Estatuts de la comunitat de veïns ایک بلڈنگ کے ہمسائیوں کی تنظیم کا نظام العمل

ایک بلڈنگ کے اندر نافذ العمل قوانین۔ ان پر عمل لازمی نہیں ہوتا کیونکہ انجمن مالکان اس کو **Propietat Horitzontal** کے قانون کے تحت بناتی ہے۔ اس دستور میں ہر بلڈنگ کے اپنے حالات کے مطابق ترامیم کی جا سکتی ہیں لیکن کبھی بھی یہ ترامیم قانون کے خلاف نہیں ہو سکتی۔

### Fons comunitari o fons de reserva ہمسائیوں کے فنڈ

اس فنڈ کا نام جس میں مالکان ایک مخصوص مدت کے بعد اپنا فنڈ جمع کرواتے ہیں تاکہ اس سے حاصل شدہ رقم کو کسی ضرورت کے تحت استعمال کیا جا سکے، ان میں بلڈنگ کی مرمت اور حفاظت شامل ہے۔ بلڈنگ کی حفاظت سیکورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون کے ذریعے لازمی قرار دی جاتی ہے۔

### Fulls de reclamacions شکایات کے فارم

ان سرکاری کاغذات کا نام جس میں کسی بھی دکان کا گاہک دکاندار کی غلطی، کسی غلط سروس کی فراہمی یا کسی چیز کی معیاد ختم ہونے کی شکایت کرسکتا ہے۔ یہ کاغذات ہر تجارتی مرکز پر رکھنے لازمی نہیں ہیں مگر جن پر لازمی ہے ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ واضح الفاظ میں ایک واضح جگہ پر لکھ کر لگائے۔ اس بارے مزید معلومات کے لیے مقامی بلدیہ کے دفتر برائے معلومات صارفین **Oficina Municipal d'Informació al Consumidor** میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

### Garantia گارنٹی

نئے قانون کے تحت کسی بھی خریداری کا بل از خود ایک گارنٹی کی حیثیت رکھتا ہے۔ زیادہ تر اشیاء کی گارنٹی خریداری کے بعد 2 سال کی ہوتی ہے جو کہ لازمی ہے۔ استعمال شدہ چیزوں (سیکنڈ ہینڈ) کی گارنٹی ایک سال سے کم نہیں ہو سکتی۔

### Informe d'aptitud psicofísica نفسیاتی اور جسمانی ٹیسٹ کی رپورٹ

جسمانی اور نفسیاتی ٹیسٹ کی اس رپورٹ کا نام جس کے تحت یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ یہ بندہ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرسکتا ہے۔ اس رپورٹ کا اجرا **Centre de Reconeixement de Conductors Autoritzat** کی طرف سے کیا جاتا ہے جو کہ صوبائی یا مقامی محکمہ ٹریفک **Prefectura Provincial**

**o Local de Trànsit** کی طرف سے اجازت شدہ ہوتا ہے۔

## Junta de la Comunitat de Propietaris مکان مالکان کی تنظیم

اس تنظیم میں ایک بلڈنگ کے اندر واقع ہر چیز کے مالکان شامل ہوتے ہیں جن میں مکان، دکان اور دفاتر شامل ہیں۔ اس تنظیم میں ایک صدر، سیکریٹری اور خزانچی لازمی ہوتا ہے۔ عہدے عارضی ہوتے ہیں جو کہ ہر بار کسی مختلف مالک مکان کے حق میں آتے ہیں۔ اس تنظیم کے تحت بلڈنگ کا نظام العمل **Estatuts de la comunitat** اور بلڈنگ کے اندرونی قوانین **normes de règim intern** بھی لکھے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ تمام قوانین بھی جو کسی بلڈنگ میں رہنے والوں کی بقاء کیلئے لازمی ہوں

## Liquidacions سیل

ہنگامی طور پر بیچنے کے لیے اشیاء کی قیمتوں میں کمی، اس کی وجہ دکان میں مرمت کا کام، دکان کی کسی اور جگہ پر منتقلی یا دکان کے اندر ہونے والے کام کی تبدیلی ہو سکتے ہیں۔ یہ خصوصی سیل 3 ماہ سے زیادہ نہیں رہ سکتی۔

## Llicència d'obra major بڑے تعمیری کام کا اجازت نامہ

بلدیہ کی طرف سے دیا جانے والا لائسنس جس کے تحت ہم مکان کے اندر تعمیری کام کر سکتے ہیں، جس میں فرش اور چھت کے کام کے علاوہ دیواروں کو ختم کرنا یا ان میں اضافہ کرنا شامل ہے۔ اس تعمیری کام کا پراجیکٹ پیش کرنا لازمی ہے جو کہ کوئی پروفیشنل آرکیٹیکٹ بناتا ہے اور وہی اس کام کی نگرانی کرے گا۔

## Llicència d'obra menor چھوٹے تعمیری کام کا اجازت نامہ

بلدیہ کی طرف سے دیا جانے والا لائسنس جس کے تحت ہم مکان کے اندر چھوٹے تعمیری کام کر سکتے ہیں، اس کام کا پراجیکٹ کسی پروفیشنل سے بنانا ضروری نہیں ہے۔ اس میں وہ کام شامل ہیں جو بلڈنگ کے بنیادی ڈھانچے کو کوئی نقصان نہ پہنچائیں اور کم از کم 9 مربع میٹر جگہ کے لیے ہو۔

## Mesures substitutòries سزاؤں کا متبادل

جرمانہ کے متبادل کی اصطلاح جس میں سب کے لیے ضروری چیزوں کے لیے کام کیا جاتا ہے مثلاً عوامی استعمال کی جگہ پر کام، کسی سماجی تنظیم کے ساتھ معاونت یا کسی شہری کورس میں شرکت وغیرہ۔

## Multes جرمانے

انتظامیہ کی طرف سے دی جانے والی معاشی سزاؤں کا نام۔ اس وقت ہم صرف عوامی جگہوں کے استعمال کے خلاف کیے جانے والے اقدامات کی سزاؤں کی بات کر رہے ہیں۔

## Normes de règim intern اندرونی نظام کے قوانین

مالکان کی تنظیم کی طرف سے بنائے جانے والے قوانین جس میں سب کی بہتری اور باہمی استعمال کی اشیاء کی حفاظت کے لیے نظام العمل ترتیب دیا جاتا ہے۔ **Estatuts** دستور کے برعکس ان قوانین کا مالکان کے رجسٹر میں اندراج لازمی نہیں ہے اور نہ ہی ان کو نافذ کرنے کے لیے سب مالکان کا متفق ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔

## Oficina Municipal d'Informació al Consumidor (OMIC) صارفین کی رہنمائی کا بلدیاتی دفتر

یہ بلدیہ کی طرف سے ایک براہ راست اور معلوماتی خدمت کا نام ہے جس میں خریدار کو اس کے حقوق کے بارے میں بتایا جاتا ہے اور ان کا دفاع کرنے کے بارے میں بھی

معلومات دی جاتی ہے۔اس کے علاوہ کسی دکاندار کے خلاف کی جانے والی شکایت کے بارے میں بھی معلوماتی دی جاتی ہے۔

## Ordenances municipals بلدیاتی آرڈیننس

بلدیہ کی طرف سے جاری کردہ قوانین جس میں شہر کے اندر باہمی استعمال کی اشیاء، مقام، اور خدمات کی تفصیلات درج ہوتی ہیں، اس کا بنیادی مقصد ان تمام چیزوں کی حفاظت ہے جس کو ایک شہر میں رہنے والے استعمال کرتے ہیں، اس میں حقوق و فرائض شامل ہوتے ہیں۔

## Permís de conduir ڈرائیونگ لائسنس

کوئی بھی بندہ جب کسی گاڑی کو چلانا چاہے تو اس کے لیے اجازت نامہ کا نام۔اس میں ہر گاڑی کے مطابق مختلف اقسام شامل ہیں۔

## Prefectura Provincial o Local de Trànsit مقامی یا صوبائی محکمۂ ٹریفک

وزارتِ داخلہ کے محکمۂ ٹریفک کی نمائندگی کرنے والا ادارہ، اس ادارہ کا بنیادی ڈرائیونگ لائسنس کے متعلقہ انتظامیہ کی طرف سے دی جانے والی خدمات کا شہریوں تک پہنچانا ہے

## Promocions خصوصی رعایت

مخصوص اشیاء کا خصوصی قیمت پر دینے کے لیے پیشکش کا نام، جس مقصد اپنی چیزوں کی بکری میں اضافہ ہوتا ہے۔

## Propietat horitzontal متوازی یا متبادل ملکیتُ

یہ اصطلاح ان بلڈنگوں اور مکانوں کے لیے استعمال ہوتی ہے جن کے مختلف ہو سکتے ہیں جس میں ہر فرد اپنے مکان کا مالک اور بلڈنگ میں موجود باہمی استعمال والی جگہ کا نائب مالک کہلاتا ہے۔

## Rebaixes قیمتوں میں کمی کی سیل

سال کے آغاز میں، موسمِ گرما کے آغاز میں ایک ہفتہ یا دو ماہ کے لیے اشیاء کی قیمتوں میں خصوصی کمی۔جن چیزوں کی قیمتوں میں کمی کی جاتی ہے وہ صرف اس دور میں خریداری کے لیے نہیں رکھی جا سکتیں بلکہ دکان میں عام طور پر بکنے والی چیزیں ہی ہوسکتی ہیں جو کم از کم ایک ماہ تک دکان میں رہی ہوں۔مطلب وہ کم معیار کی چیزیں نہ ہوں دکاندار پر لازمی ہے کہ وہ اس چیز کی اصلی قیمت اور خصوصی قیمت نمایاں طور پر لکھ کر لگائے جس میں اس کا اصلی قیمت کے حساب سے % بھی شامل ہو۔

## Rebut de la Comunitat بلڈنگ کی دیکھ بھال کا بل

باہمی استعمال کی جگہوں پر کچھ اشیاء کا بل ادا کرنا پڑ سکتا ہے جس میں بجلی، صفائی، حفاظت، لفٹ، انشورنس وغیرہ شامل ہیں۔ یہ اخراجات بلڈنگ میں موجود سب ہمسائیوں اور دکانداروں کے درمیان ان کے مکان یا دکان کی جگہ کے مطابق تقسیم کیے جاتے ہیں

## Rebut mensual de lloguer ماہانہ کرایہ کی رسید

اس رسید کا نام جو کہ مالک مکان کرایہ دار کو کرایہ وصول کرنے کے بعد دیتا ہے۔اس میں کرایہ کی پوری رقم اور دیگر اخراجات لکھے جاتے ہیں، جس تاریخ کو کرایہ ادا کی جائے وہ بھی لکھی جاتی ہے۔جب یہ کرایہ بینک کے ذریعہ ادا کی جائے تو رسید بھی بینک ہی جاری کرتا ہے۔

### Registre de Propietat ملکیت کا رجسٹر

اس سرکاری ادارے کا نام جس میں سب مکانوں کی ملکیت کا اندراج ہوتا ہے اس میں اس کے حقوق محفوظ ہوتے ہیں۔ خریدار اور مالکان کے مابین طے پانے والا معاہدہ **Estatuts de la comunitat** کی رجسٹریشن کے لیے لازمی ہے کہ اس میں سب مالکان کا اندراج ہو اور وہ کسی Notari کے سامنے کیا جائے۔ ملکیت کے رجسٹر میں درج شدہ علومات عوامی ہوتی ہے اور کوئی بھی اس کو حاصل کر سکتا ہے

### Saldos دوسرے درجہ کا مال

ان اشیا کو بیچنے کا نام جن کی قیمت عام اشیا سے کم ہے کیونکہ ان میں کوئی خرابی یا نقص ہے۔ دکاندار پر لازمی ہے کہ وہ ان اشیاء پر واضح طور پر لکھے کہ ان میں کونسی خرابی ہے

### Val de Compra خریداری کی گارنٹی

ہر دکاندار کا ایک رضا کارانہ نظام جس کے تحت گاہکوں کو یہ سہولت دی جاتی ہے کہ اگر وہ کسی چیز کو واپس کرنا چاہیں تو ان کو اس کے بدلے ایک رسید دی جاتی ہے جس سے وہ کوئی اور چیز خرید سکتے ہیں۔ Val پر اس کی شرائط، مدتِ معیاد، قیمت اور تاریخ اجراء کا ہونا لازمی ہے۔